## احمد چنوئے کے والد عبدالرزاق چنوئے کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔23، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ٹرسٹی اور آل پاکستان میمن فیڈریشن کے صدر احمد چنوئے کے والد عبدلرزاق چنوئے کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے احمد چنوئے سمیت تمام سوگوار لواحقین سے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ ترین مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## احمد چنوئے کے والد عبدالرزاق چنوئے کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔23، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ٹرسٹی اور آل پاکستان میمن فیڈریشن کے صدر احمد چنوئے کے والد عبدلرزاق چنوئے کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## ایم کیو ایم جامشورو کے بزرگ کارکن فضل الرحمٰن کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔23، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم جامشورو زون یونٹ C-3 کے بزرگ کارکن فضل الرحمٰن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین کو دلاسہ دیتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم جامشورو زون کے کارکن فضل الرحمٰن انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔23، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ جامشورو زون کے بزرگ کارکن فضل الرحمٰن رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ مرحوم کی عمر 55 سال تھی اور ان کا شمار ایم کیو ایم کے سرگرم کارکنان میں ہوتا تھا۔مرحوم کے سوگواران میں بیوہ، چار بیٹے اور تین بیٹیاں شامل ہیں۔فض الرحمٰن مرحوم کو گزشتہ روز نوری مسجد قبرستان کوٹری سٹی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم جامشورو کی زونل کمیٹی کے اراکین، علاقائی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم جامشورو زون کے کارکن فضل الرحمٰن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## عوام 26، ستمبر تک حج درخواستیں نائن زیرو پر جمع کرادیں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔23، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ایم کیو ایم کی سیاست کا مقصد عوام کی عملی خدمت ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک روایت شکن جماعت ہے اور جماعت نے حق پرست اراکین پارلیمنٹ کو ملنے والا حج کوٹہ ،رشتہ داروں، قرابت داروں اور دوست احباب میں تقسیم کرنے کے بجائے ایک مرتبہ پھر عوام الناس کے لئے مختص کر دیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ماضی کی طرح اس مرتبہ بھی حق پرست ارکان پارلیمنٹ کا حج کوٹہ حج کی سعادت حاصل کرنے کے خواہشمند افراد میں تقسیم کرنے کیلئے ان کی درخواستیں ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں جمع کی

جارہی ہیں جہاں ان حج درخواستوں کی قرعہ اندازی کی جائے گی اور خوش نصیب افراد کے ناموں کا اعلان کیا جائے گا۔رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنی حج درخواستیں 26 ستمبر تک نائن زیرو پر جمع کرادیں۔

## سندھ کے قومی اثاثوں کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کیے جائیں، اراکین سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔23، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے قادر پور گیس فیلڈ کی فروخت کے منصوبے کوصوبہ سندھ کے گھناؤنی سازش قرار دیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ سندھ کے قومی اثاثوں اور قدرتی وسائل کو تباہ کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ سندھ دھرتی کے وسائل کا تحفظ کرنا سندھ کے مستقل باشندوں پر لازم ہے اور سندھ کے مستقل باشندے صوبہ سندھ کے اثاثوں اور قدرتی وسائل کو تباہ کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے۔انہوں نے کہا کہ صوبہ سندھ قومی خزانے میں 70 فیصد سے زائد ریونیوادا کرتا ہے لیکن اس کے باوجود سندھ اوراس کے عوام کو ناانصافیوں کا نشانہ بنایا جارہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ قادر پور گیس فیلڈ کی فروخت کے منصوبے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور سندھ کے قومی اثاثوں کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کارلائے جائیں۔

## سندھ کے دارالخلافہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے، بابر غوری
## پاکستان انتہائی نازک صورتحال سے گزر رہا ہے اوراس وقت پوری قوم کومتحد ہونے کی ضرورت ہے
## امریکی ریاست ہیوسٹن میں الطاف حسین کی 55 ویں سالگرہ کی تقریب سے خطاب

ہیوسٹن۔۔۔23، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ اوورسیز ہیوسٹن یونٹ کے تحت ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی 55 ویں سالگرہ منائی گئی اوراس سلسلے میں ایم کیوایم کے کارکنان اور ہیوسٹن میں مقیم ہمدرد پاکستانیوں کے اعزاز میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سینیٹر بابر غوری، ایم کیوایم ہیوسٹن یونٹ کے انچارج وارث خان، کمیٹی کے ارکان اور ایم کیوایم کے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بابر خان غوری نے کہا کہ حق پرست عوام سندھ کے دارالخلافہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے اور نہ ہی صوفیوں کی سرزمین سندھ دھرتی پر مذہبی انتہاء پسندوں کو قبضہ کرنے کی اجازت دیں گے۔انہوں نے کہا کہ مذہبی انتہاء پسندی اور دہشت گردی کے باعث پاکستان انتہائی نازک صورتحال سے گزر رہا ہے اوراس وقت پوری قوم کو متحد ہونے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے پاکستان کی ترقی، عوام کی فلاح وبہبود اور ملک میں جمہوریت کے فروغ کیلئے پیپلز پارٹی سے غیر مشروط تعاون کیا ہے اور صدارتی انتخاب میں آصف علی زرداری کی بھرپور حمایت کی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری نے لندن میں جناب الطاف حسین سے ملاقات میں یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ عوامی مسائل کے حل اور مذہبی انتہاء پسندی کے خاتمہ کیلئے ٹھوس اقدامات کریں گے۔اس موقع پر میریٹ ہوٹل اسلام آباد میں بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی گئی۔آخر میں جناب الطاف حسین کی 55 ویں سالگرہ کا کیک کاٹا گیا اور جناب الطاف حسین کو سالگرہ کی مبارکباد پیش کی گئی۔

☆☆☆☆☆